سوال

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا غسل کے دوران شرمگاہ کو چھو سکتے ہیں۔ ؟ یا اگر غلطی سے چھو دیا جائے اور ہاتھ لگ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمہور اہل علم امام احمد، امام شافعی اور محدثین کے نزدیک مس ذکر (یعنی شرم گاہ کو چھونے) سے مطلقا وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقا نہیں ٹوٹتا ہے۔

تیسرا قول جو بعض اہل علم کا ہے کہ شہوت کے ساتھ ہاتھ لگائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اگر شہوت نہ ہو تو نہیں ٹوٹتا ہے۔ اس قول کو شیخ صالح العثیمین نے اختیار کیا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوة